# INTERNATIONAL INDIAN SCHOOL RIYADH

STD : VI SUB : URDU

## SUMMATIVE ASSESSMENT : II

## "WORK SHEET"

## "URDU PORTION"

۱۔ حکایتیں

2۔ عقل مند بھیڑا

3۔ یونہی پیاری چڑیو! ابھی اور گاؤ

4۔ بکری نے دو گاؤں کھالیے

5۔ صبح کی آمد

6۔ صوتی آلودگی

## 1 حکایتیں

I۔ دیے گیے الفاظ کے معنی لکھیے۔

نعمت ۔ دانا ۔ حکمت ۔ قدر ۔ جبر

II۔ خالی جگہوں کو صحیح لفظوں سے پُر کیجیے۔

۱۔ اسی غم میں میں ______ کی مسجد میں داخل ہوا۔ (جدہ/کوفہ)

۲۔ میں نے خدا کی ______ کا شکر ادا کیا۔ (نعمت/برکت)

۳۔ عالم نے کہا افسوس، تیری ______ عمر برباد ہو گئی۔ (ساری/آدھی)

III ـ جملے بنائیے ـ

مسجد ـ جوتا ـ انعام ـ کشتی

IV ـ متضاد الفاظ

سختی ـ دکھ ـ تکلیف ـ دانا ـ پسند

V سوالات :ـ

۱ـ کوفے کی مسجد میں جب وہ شخص گیا تو اُس نے کیا دیکھا؟

۲ـ غلام کیوں رونے دھونے لگا؟

۳ـ ملاّح کو عالم کی کس بات سے دکھ ہوا اور غصّہ بھی آیا؟

---

## 2ـ عقل مند مچھیرا

I ـ دیے گئے الفاظ کے معنی لکھیے ـ

جہاں پناہ ـ عالی جاہ ـ رعب ـ جلّاد ـ

رشوت خور ـ عجیب ـ

II ـ محاوروں کو جملوں میں استعمال کیجیے ـ

۱ـ جان کی امان پانا
۲ـ عقل ماری جانا
۳ـ تھر تھر کانپنا

III ـ اس سبق میں لفظ "بے ایمان" دو لفظوں "بے" اور "ایمان" سے مل کر بنا ہے اسی طرح "بے" لگا کر (6) چھ الفاظ لکھیے ـ

Pg - 3

IV ۔ ماضی کی تعریف مثالوں کے ساتھ لکھیے ۔

V ۔ واحد لکھیے ۔

انتظامات ۔ اعلانات ۔ خیالات ۔ خدمات ۔ معلومات

VI ۔ سوالات :۔

۱۔ دعوت کے لیے مچھلی کیوں نہیں مل سکی ؟

۲۔ وزیراعظم نے مچھلی حاصل کرنے کے لیے کیا اعلان کیا ؟

۳۔ دربان کو سزا کیوں ملی ؟

۴۔ بادشاہ نے مچھیرے کو انعام میں کیا دیا ؟

---

3 ۔ یونہی پیاری چڑیو ! ابھی اور گاؤ

I ۔ دیے گیے الفاظ کے معنی لکھیے ۔

غوطہ لگانا ۔ بَرگ ۔ بے تاب ۔ گمراہ ۔ دل لُبھانا

خوف کھانا ۔ جلوہ

II ۔ خالی جگہوں کو صحیح لفظوں سے پُر کیجیے ۔

۱۔ لچکتی ہوئی ________ پر بیٹھ جاؤ ۔

۲۔ جھک کر کبھی شاخ پر ________

۳۔ میں بے تاب ہوں مجھ کو ________ دکھاؤ ۔

III ۔ جملے بنائیے ۔

شاخ ۔ چشمہ ۔ گھاس ۔ رستہ

IV ۔ ان مصرعوں کو صحیح کر کے لکھیے:

ہلاؤ کبھی اُڑ کے بازو ہوا میں

لگاؤ کبھی صاف چشموں میں غوطہ

اِدھر سے اُدھر دور جاؤ پُھدک کر

نہر میں پر گنگناؤ اُچھل کر کبھی

V ۔ مذکر اور مونث الفاظ الگ لکھیے۔

رستہ ۔ گھاس ۔ دل ۔ ہوا ۔ مُنہ ۔ پھول ۔ چڑیا

چشمہ ۔ نہر ۔ جلوہ

VI ۔ 'بے تاب' کے معنی ہیں 'بے چین' یہ دو لفظوں 'بے' اور 'تاب' سے مل کر بنا ہے ۔ آپ بھی دیے ہوئے لفظوں کے ساتھ 'بے' جوڑ کر نئے لفظ بنائیے۔

____ وفا ____ اثر ____ وقت ____ ایمان ____ قدر
____ عزت ____ وجہ ____ پناہ

VII ۔ سوالات:

۱۔ چڑیاں باغیچوں میں کیا کیا کر رہی ہیں؟

۲۔ چڑیاں گھاس کے تنکوں کو منہ میں دبا کر اِدھر سے اُدھر لے جاتی ہیں اُن تنکوں سے وہ کیا کرتی ہیں؟

۳۔ نظم کے تیسرے بند کا مطلب اپنے الفاظ میں لکھیے۔

4 ۔ بکری نے دو گاؤں کھا لیے

I ۔ دیے گیے الفاظ کے معنی لکھیے۔

مُصاحب ۔ جاگیر ۔ فرش ۔ دیدار ۔ بے اختیار

II ـ خالی جگہوں کو پر کیجیے۔

۱۔ اس بھاگ دوڑ میں ______ نہ جانے کہاں کھو گیے۔

۲۔ تھوڑی دیر میں مٹی کے پیالے میں وہ بکری کا ______
لے کر واپس آیا۔

۳۔ راستے کے دونوں طرف لوگ ______ کے ______
کے لیے کھڑے ہو جاتے تھے۔

III ـ مثال کے مطابق جوڑ ملائیے۔

| | |
|---|---|
| سنسناتی | سردی |
| چلچلاتی | فصلیں |
| کڑکڑاتی | بوندیں |
| لہلہاتی | ہوا |
| جھلملاتی | دھوپ |

IV ـ صفت کی تعریف مثالوں کے ساتھ لکھیے۔

V ـ اسم، ضمیر اور فعل الگ لکھیے۔

شاہ جہاں ـ کھیلنا ـ تم ـ گھوڑا
وہ ـ بکری ـ پانی ـ آنا
جھونپڑی ـ وہیں ـ چرواہا ـ دینا

VI ـ سوالات:

۱۔ بادشاہ کی پیاس کس نے اور کس چیز سے بجھائی؟

۲۔ بادشاہ نے بوڑھے چرواہے کو انعام میں کیا دیا؟

۳۔ بوڑھا چرواہا کس بات کی رٹ لگاتا تھا؟

۴۔ بوڑھا چرواہا بادشاہ سے ملے بغیر واپس کیوں آگیا؟

# ۵ - صبح کی آمد

I - دیے گئے الفاظ کے معنی لکھیے۔

مشرق - آمد - منڈیر - شاما - بن - شمع -
انجمن - رونق -

II - دیے گئے مصرعوں کو صحیح لفظوں سے مکمل کیجیے۔

۱ - جو طوطے نے باغوں میں ______ مچائی
تو بلبل بھی گلشن میں ______ ہے

۲ - ہوئی مجھ سے ______ پہاڑ اور بن میں
ہر ایک ملک میں دیس میں اور ______ میں

III - ان لفظوں سے جملے بنائیے۔

اذان - گیت - چمن - وطن

IV - متضاد الفاظ -

اجالا - خوشی - اونچی - اوپر

V - 'الف' اور 'ب' کے کالم میں بے ترتیب مصرعے لکھے ہوئے ہیں
ان کو صحیح ترتیب میں لکھ کر شعر مکمل کیجیے۔

| | |
|---|---|
| اذاں پر اذاں مرغ دینے لگا ہے | مری آمد آمد کے ہیں گیت گاتی |
| درختوں کے اوپر عجب چہچہا ہے | خوشی سے ہر ایک جانور بولتا ہے |
| یہ چڑیاں جو پیڑوں پہ ہیں غل مچاتی | سہانا ہے وقت اور ٹھنڈی ہوا ہے |
| دھوں کو ہلاتی پروں کو پھلاتی | ادھر سے ادھر اڑ کے ہیں آتی جاتی |

VI سوالات :- ۱ - "ہمارا اپنی مشرق سے دکھلا رہی ہوں" سے
کیا مراد ہے ؟
۲ - دن کے آنے کی خبر لانے کا کیا مطلب ہے ؟
۳ - "درختوں کے اوپر عجب چہچہا ہے" کا مطلب کیا ہے ؟

Pg - 7

## 6 _ صوتی آلودگی

I _ دیے گیے الفاظ کے معنی لکھیے ۔

غصّہ پینا _ بُت بننا _ فضا _ نعمت

II _ محاوروں کا مطلب اور جملوں میں استعمال

۱_ غصّہ پینا
۲ _ بھیگی بلّی بننا
۳_ بُت بننا

III _ خالی جگہوں کو دیئے ہوئے صحیح لفظوں سے پُر کیجیے ۔

۱_ عادل کو موج مستی کرنے کی پوری ______ مل گئی (آزادی/خود مختاری)

۲ _ اونچی آواز میں ریڈیو کیوں ______ رہے تھے ۔ (چلا/بجا)

۳_ فضائی آلودگی سے ہوا ______ ہوجاتی ہے (گندی/میلی)

IV _ اسم معرفہ اور اسم نکرہ کو الگ الگ لکھیے ۔

نیلوفر _ اسکول _ اتوار _ بازار _ عادل

ڈرائنگ روم _ ریڈیو _ چوتھی جماعت _ بُت _ مشین

V _ متضاد الفاظ

خریدنے _ اونچی _ حاضر _ کھرا _ بُرا _ نقصان

VI _ سبق میں صحت مند، اور خوش گوار، دو لفظ آئے ہیں ۔

آپ بھی اسی طرح سے مندرجہ ذیل لفظوں میں مند، اور

خوش جوڑ کر لفظ بنائیے ۔

دولت _ خبر _ رضا _ دل _ ضرورت _

حاجت _ رنگ _ مزاج _ عقل _

VII - اسم، صفت اور فعل الگ الگ لکھیے۔

اونچی آواز ۔ کودنا ۔ دماغ ۔ صاف ۔ بلّی ۔ بھڑکنا
بجانا ۔ ثمرہ ۔ تیز ۔ کان ۔ بُرا ۔ سامان
آلودہ ۔ تیاری کرنا ۔ ہونا ۔ امی ۔ غصّہ ۔
پڑنا ۔ مست ۔ داخل ہونا ۔ گندا ۔ گھر ۔

VIII - سوالات :-

۱۔ صوتی آلودگی سے آپ کیا سمجھتے ہیں۔

۲۔ قدرت نے ہمیں کن کن نعمتوں سے نوازا ہے؟

۳۔ آواز کی آلودگی کو کم کرنے کے لیے ہمیں کیا کرنا چاہیے۔

---

**نوٹ :-**

اس ورک شیٹ میں دیئے گئے
سوالات اور مشقوں کے علاوہ نصابی کتاب سے
بھی پوچھا جا سکتا ہے۔